© rasailojaraid.com

تبصرے

ہندوستان عربوں کی نظر میں: جلد دوم

تقطیع متوسط. کتابت طباعت بہتر. ضخامت چار سو صفحات. قیمت آٹھ روپئے۔

پتہ:۔ دارالمصنفین اعظم گڈھ۔

دارالمصنفین اعظم گڈھ کے تاریخ ہند کے قدیم منصوبہ کے تحت اس کتاب کی جلد اول جو تیسری اور چوتھی صدی ہجری کے عرب مورخین کے ہندوستان سے متعلق بیانات پر مشتمل تھی پہلے شائع ہو چکی ہے اور ان صفحات میں اُس پر تبصرہ بھی ہو چکا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی کا دوسرا حصہ ہے اور ابن ندیم سے لے کر قلقشندی تک جو نویں صدی کا مصنف ہے ۹ مورخین کے بیانات پر مشتمل ہے۔ اس طرح دونوں جلدوں میں تیسری صدی سے لے کر نویں صدی تک کے عرب مصنفین نے ہندوستان کے بارے میں جو کچھ لکھا تھا وہ سب مع عربی متن کے اردو زبان میں خوش سلیقگی کے ساتھ یکجا ہو گیا۔ اگرچہ عربوں نے ہندوستان کی قدیم تاریخ کی نسبت بہت کچھ افسانوی باتیں لکھ دی ہیں تاہم اس ملک کے عام رسم و رواج۔ معاشرت۔ اقتصادی حالات علوم و فنون۔ اور مذہبی عقائد و اعمال کے متعلق جو معلومات ان کتابوں میں ہیں وہ فارسی تاریخوں میں بھی نہیں ہیں۔ اس بنا پر یہ کتاب بے شبہ تاریخ ہند کے طلبا اور اساتذہ کے لئے بھی قابل قدر اور لائق مطالعہ ہے۔ عربی متن کے ساتھ عام فہم اور سلیس اردو ترجمہ اور مصنف کے مختصر حالات بھی ہیں۔ اور کہیں کہیں حواشی بھی ہیں۔ اگر حواشی مزید جامع اور محققانہ ہوتے تو

© rasailojaraid.com